بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

بدھ، 9 ذوالقعدہ، 1446ھ | 07/05/2025 | نمبر: 1446/41


پریس ریلیز

# اے افواجِ پاکستان! ہندو راج کو سرینگر میں دفن کر دو! جنگ کے شعلے بھڑکاؤ، کشمیر کو آزاد کراؤ اور برصغیر کی قیادت سنبھال لو!

چھ اور سات مئی کی رات کو ہندو ریاست نے آزاد کشمیر اور پاکستان کے کئی شہروں میں مساجد اور سویلین علاقوں پر حملے کر کے 30 سے زائد مسلمانوں کو شہید کر دیا، جس کے جواب میں اب تک افواجِ پاکستان پانچ بھارتی لڑاکا طیاروں کو گرانے کے علاوہ کئی بھارتی تنصیبات کو نشانہ بنا چکی ہیں۔ یہ واضح ہے کہ ہندو ریاست پاکستانی افواج کے شیروں کے ایمان، بہادری، جرأت اور صلاحیت کے سامنے کوئی حیثیت نہیں رکھتی۔ مشرک ہندو امریکہ کی شہ پر خطے کے ٹھیکے دار کا رول اپنے آپ کو تفویض کر کے، برصغیر کے مسلمانوں کے سروں پر اپنی اتھارٹی قائم کرنے کے درپے ہے۔ وہ اس خام خیالی میں مبتلا ہے کہ جس طرح عرب حکمرانوں نے مسلم افواج کو یہود کے سامنے جکڑ رکھا ہے اسی طرح پاکستان کے حکمران بھی افواجِ پاکستان کے شیروں کو قید کر رکھنے میں کامیاب رہیں گے۔ مگر افواجِ پاکستان میں ایسے افسران کی ایک بڑی تعداد موجود ہے جو جذبہ شہادت سے سرشار ہیں اور دشمن سے جنگ میں ملنے کے لیے بے تاب ہیں، اور وہ کبھی ہندو مشرکین کی اتھارٹی کو تسلیم نہیں کریں گے۔ افواجِ پاکستان کے یہ شیر فتح یا شہادت میں سے ایک کامیابی کو اپنے گلے لگانے کی خواہش اپنے دلوں میں لیے ہوئے ہیں اور اللہ، اس کے رسول ﷺ اور مومنین کو اپنی جرأت اور بہادری کے جوہر دکھانے کے خواہش مند ہیں۔ **((وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللَّهُ وَعْدَهُ إِذْ تَحُسُّونَهُم بِإِذْنِهِ ۖ حَتَّىٰ إِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ فِي الْأَمْرِ وَعَصَيْتُم مِّن بَعْدِ مَا أَرَاكُم مَّا تُحِبُّونَ))** **"اور بیشک اللہ نے تمہیں سچ کر دکھایا اپنا وعدہ جب کہ تم اس کے حکم سے کافروں کو قتل کرتے تھے یہاں تک کہ جب تم نے بزدلی کی اور حکم میں جھگڑا ڈالا اور نافرمانی کی، بعد اس کے کہ اللہ تمہیں دکھا چکا تمہاری خوشی کی بات (یعنی فتح)"** (سورۃ آل عمران: 152)۔

**اے افواجِ پاکستان!** ہندو ریاست کی پاکستان پر حملہ کرنے کی جرأت اور خطے کی ٹھیکے داری کی خواہش ہمارے حکمرانوں کی جانب سے جہاد کو ترک کرنے کا براہِ راست نتیجہ ہے۔ ہم نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے حکم کی نافرمانی کی اور کشمیر کی مقبوضہ مسلم سرزمین کے بارے میں شریعت کے واضح احکامات کو پسِ پشت ڈال دیا، تو ذلیل دشمن کے سامنے ہزیمت ہمارا مقدر بن گئی۔ کشمیر کے جہاد کو دہشت گردی قرار دے کر، اور پاکستان کی افواج کو عالمی آرڈر اور قومی ریاست کی بیڑیاں پہنا کر ہمارے حکمرانوں نے ہندو ریاست اور مودی کے ہاتھ مضبوط کیے اور آج حالات اس نہج پر آن پہنچے ہیں کہ مودی پاکستان پر حملے کا حق جتا رہا ہے اور ہم دنیا کے سامنے پہلگام حملے کے حوالے سے صفائیاں پیش کر رہے ہیں اور دفاعی جنگ اور جنگ میں پہل نہ کرنے کی توجیح پیش کر رہے ہیں۔ یقیناً صادق اور امین ﷺ نے سچ فرمایا: **«ما ترك قومٌ الجهادَ إلّا عمَّهُمُ اللهُ بِالعذابِ»** **"کوئی قوم ایسی نہیں جس نے جہاد کو ترک کیا سوائے اس کے کہ اللہ نے اس پر عذاب کو مسلط کر دیا"** (طبرانی، معجم الاوسط)۔ آج دشمن کے حملے کو پسپا کر کے آپ نے جو عزت اور کامیابی حاصل کی ہے یہ یقیناً اللہ کے راستے میں جہاد کو اختیار کرنے کی وجہ سے ہے۔ تو کیا آپ عزت، فتح اور کامیابی سے منہ موڑ کر دوبارہ امریکی اور ہندو راج کی غلامی کے راستے کی طرف لوٹ جائیں گے؟ کیا قومی ریاست اور عالمی آرڈر پھر سے آپ کے پیروں کی زنجیر بن جائیں گے جبکہ جہاد کے ذریعے اللہ نے فتح اور کامیابی کا راستہ آپ کے سامنے کر دیا ہے؟ آپ نے دشمن پر وار کر کے اپنی قوت اور طاقت کا ادراک کر لیا ہے۔ آپ کی طاقت اور قوت کا ماخذ آپ کا جذبۂ جہاد، آپ کا صرف اور صرف اللہ پر بھروسہ کرنا اور مسلم امت کا آپ کو سپورٹ کرنا ہے۔ تو آپ اللہ کے احکامات کو مضبوطی سے پکڑ لیں۔ تحمل، برداشت، متوازن جواب، بین الاقوامی برادری کی ثالثی، ڈپلومیسی اور بات چیت جیسے سیاسی اور فوجی حل یکسر مسترد کر دیں۔ کشمیر کی آزادی کے لیے جنگ کے شعلے بھڑکا دیں۔ بزدل اور ذلیل دشمن کی کمر توڑ دیں! لائن آف کنٹرول کو کراس کریں، سرینگر کی طرف پیش قدمی کریں۔ اس عالمی آرڈر کو اپنے بوٹوں کے نیچے کچل دیں، پورے کے پورے کشمیر کو آزاد کرائیں، اپنے دریاؤں پر کنٹرول واپس حاصل کریں، مودی کے اقتدار کی کمر توڑ دیں اور برصغیر کے حقیقی وارث کی حیثیت سے اس خطے کو پھر سے اسلام کی حکمرانی سے روشناس کروا دیں۔

**اے افواجِ پاکستان!** حزب التحریر آپ کے لیے موجودہ کامیابی سے بڑھ کر اور اس سے بڑی کامیابی کی خواہش مند ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ آپ غزوۂ ہند میں شمولیت کا اعزاز حاصل کریں، اور یہ کہ تاریخ آپ کو صلاح الدین ایوبی اور خلیفہ سلطان عبدالحمید کے وارثین کے طور پر یاد رکھے اور اس سے بھی سے بڑھ کر کہ آپ صحابیِ رسول سعد بن معاذؓ اور مدینہ کے انصار رضوان اللہ علیہم کے جانشین کہلائیں جنہوں نے اپنی فوجی طاقت اور اقتدار رسول اللہ ﷺ کے حوالے کر دیا جنہوں نے انصار کی قوت کو پہلی اسلامی ریاست کے قیام کے لیے استعمال کیا۔ تو آگے بڑھیں اور حزب التحریر کے ہاتھ میں اپنا ہاتھ رکھ دیں۔ خلافتِ راشدہ الثانی کے قیام کے لیے اپنی نُصرۃ فراہم کریں اور تین بڑی کامیابیوں کو گلے لگا لیں، غزوہ ہند، فلسطین کی آزادی اور خلافت کے قیام کے ذریعے امت کی وحدت۔ **((قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِاَيْدِيْكُمْ وَ يُخْزِهِمْ وَ يَنْصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَ يَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ))** **"تو ان سے لڑو اللہ انہیں عذاب دے گا تمہارے ہاتھوں اور انہیں رسوا کرے گا اور تمہیں ان پر مدد دے گا اور ایمان والوں کا جی ٹھنڈا کرے گا"** (سورۃ التوبہ: 14)۔

**ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس**


ویب: www.hizb-pakistan.com انسٹاگرام: https://instagram.com/HTmediaPK ای میل: HTmediaPAK@gmail.com
فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK1 ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK

حزب التحریر آفیشل ویب پیج
http://www.hizb-ut-tahrir.org:
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج
http://www.hizb-ut-tahrir.info: